


# آئی جی آئی لائف ہیلتھی سیونگز پلان

پاکستان کی پہلی ایکٹو لائف انشورنس

آج، وائیٹیلٹی پروگرام 40 مارکیٹوں میں 30 ملین سے زائد افراد کی زندگیوں کو فوائد دے رہا ہے۔




**دعوی دستبرداری:** یہ آئی جی آئی لائف پروڈکٹ کے حوالے سے تحریر کیا جارہا ہے۔ ایم سی بی بینک لمیٹڈ اس کی کوئی ضمانت نہیں لیتا اور نہ ہی یہ ایم سی بی بینک لمیٹڈ کا پروڈکٹ ہے۔ لہذا، آئی جی آئی لائف اپنے فنڈ کے ذریعے بیان کئے گئے خطرات کا ذمہ دار ہے۔ درخواست گزار صارف اس بات کا مکمل اقرار کرتا اور سمجھتا ہے کہ ایم سی بی بینک لمیٹڈ آئی جی آئی لائف کے لیے کارپوریٹ انشورنس ایجنٹ کے طور پر کام کرتا ہے۔ اور کسی بھی صورت میں آئی جی آئی لائف بھرپور بچت پلان، ریگولرز تعاون پروڈکٹ اور/ یا اس سے پیدا ہونے والا کوئی بھی فائدے یا نقصان سے متعلق آئی جی آئی لائف کی جانب سے کئے گئے اقرارنامے کے تحت اور/ یا نمائندگی کے لیے ایم سی بی بینک لمیٹڈ ذمہ دار یا جواب دہ نہیں ہوگا۔ اور فنڈ کی سرمایہ کاری کی کارکردگی کے نتیجے میں پیدا ہونے والے کسی بھی تنازعات یا کلیم کی صورت میں ایم سی بی بینک لمیٹڈ ذمہ دار یا جواب دہ نہیں ہوگا۔ پلان میں شامل، پریمئم مذکورہ بالا سرمایہ کاری فنڈ میں سرمایہ کاری کی گئی ہے اور ضروری نہیں ماضی کی کارکردگی مستقبل کی کارکردگی پر اثرانداز ہو۔ یہاں کی جانے والی پیش گوئی ضروری نہیں کہ مستقبل کے فنڈز کی ممکنہ کارکردگی کے لیے یہی ثابت ہو اور نہ ہی آئی جی لائف یا ایم سی بی بینک لمیٹڈ اس کے لیے ذمہ دار ہونگے۔ بیمہ سے متعلق تمام کلیم، چارجز اور ادائیگیاں صرف اور صرف آئی جی آئی لائف کی انفرادی ذمہ داری ہے۔ تاہم، سروس چارجز اور ٹیکس متعلقہ حکام کے ذریعے بینک کے "چارجز کے شیڈول" اور ٹیکس کے قوانین کے مطابق لاگو ہوں گے۔ آئی جی آئی لائف آپ کی منتخب کردہ حکمت عملی کے مطابق سرمایہ کاری کرتی ہے اور آپ کے سرمایہ کاری اکاؤنٹ کی مالیت آپ کی منتخب کردہ حکمت عملی کی کارکردگی کی عکاسی کرتی ہے۔

IGI Life Vitality


## آئی جی آئی لائف انشورنس لمیٹڈ

ساتویں منزل، دی فورم، سوئٹ نمبر 703-701، G-20، بلاک 9، خیابانِ جامی، کلفٹن، کراچی۔ 75600، پاکستان۔

UAN: 711-111-111 (21-92+) ٹیلی فون: 35360040 (21-92+) فیکس: 35290042 (21-92+)

ای میل: vitality@igi.com.pk ویب: www.igilife.com.pk


**اہم اطلاع:** پاکستان میں آئی جی آئی وائیٹیلٹی سروسز آئی جی آئی لائف کی ڈسکوری وائیٹیلٹی پرائیوٹ لمیٹڈ کے ساتھ شراکت داری میں پیش کی جارہی ہیں۔ یہ ساؤتھ افریقہ میں مجاز کردہ فنانشیل سروسز ہیں اور اس کا رجسٹریشن نمبر 1999/007736/07 ہے۔ شرائط وضوابط لاگو ہیں۔

''اچھی صحت خوشیوں کی بنیاد تصور کی جاتی ہے''۔ Leigh Hunt

صحت مند رہنے کی اہمیت سے ہم سب واقف ہیں، لیکن ہم میں سے بیشتر کو اس خواہش کے پورا کرنے میں مشکلات کا سامنا ہوتا ہے۔ آئی جی آئی لائف نے آپ کو صحت مند بنانے کے لیے جنوبی افریقہ میں قائم وائٹیلیٹی پروگرام سے منسلک ہوئے ہیں۔ ہمارا اسمارٹ ویلتھ پلان نہ صرف آپ کے مالی مستقبل کو تحفظ فراہم کرے گا ، بلکہ یہ منظّم وائٹیلیٹی پروگرام کے ذریعے آپ کو صحت مند رہنےکی صورت میں انعام دیتا ہے۔

ہم آپ کو دنیا بھر میں موجود 20 ملین سے زائد ممبروں کی فہرست میں شامل ہونے کی دعوت دیتے ہیں، جو اپنے آپ کو صحت مند بنانے، اسے بڑھانے اور اپنی زندگی کی حفاظت کے لیے وائیٹلیٹی پروگرام استعمال کرتے ہیں۔

**پراڈکٹ کی وضاحت:** یہ ایک لائف انشورنس پراڈکٹ ہے جس کے دو بنیادی عناصر ہیں یعنی انشورنس تحفظ اور سرمایہ کاری۔ سرمایہ کاری کا عنصر یونٹ لنکڈ فنڈ میں موجود اثاثہ جات کی کارکردگی سے مشروط ہے۔

## آئی جی آئی لائف ہیلتھی سیونگز پلان

بھرپور بچت پلان ایک بہترین سرمایہ کاری پلان ہے جو کہ وائٹیلیٹی کے صحت پروگرام سے منسلک ہے۔ یہ پلان آپ کو صحت مند زندگی گزارنے کی طرف مائل کرتا ہےاور صحت برقرار رکھنے پر آپ کو پرکشش انعامات بھی پیش کرتا ہے۔

یہ پلان دو بنیادی پہلوؤں پر مشتمل ہے:


وائٹیلیٹی پر: یہ آپ کی موجودہ صحت کی صورت حال کو سمجھتے ہوئے صحت پر توجہ دیتی ہےاور صحت میں بہتری لانے کے لیے آپ کی حوصلہ افزائی کرتی ہے۔

بیمہ کوریج: آپ کی مالی تحفظ کی ضرورت کو پورا کرتا ہےاور سرمایہ کاری مواقع فراہم کرتا ہے۔

## فری لُک دورانیہ

اگر آپ پالیسی دستاویزات کی موصولی کے 14 روز کے فری لُک دورانیہ میں اپنی پالیسی کو منسوخ کرتے ہیں تو اس صورت میں آپ کا پریمئم مکمل ریفنڈ کردیا جائے گا۔ ریفنڈ کی رقم میں سے آئی جی آئی لائف کی طرف سے کئے جانے والے آپ کے علاج یا طبی معائنہ سے منسلک اخراجات اگر کوئی ہیں وہ منہا کئے جائیں گے جو آئی جی آئی نے ادا کئے۔







## IGI لائف وائیٹیلٹی دوسری روایتی فیملی انشورنس سے کس طرح مختلف ہے؟

| دیگر روایتی فیملی انشورنس | آئی جی آئی لائف ہیلتھی سیونگز پلان |
|---|---|
| وفات، مرض/جسمانی نقص پر توجہ | صحت منداور چست وتوانا زندگی پر توجہ |
| کموڈیٹائزڈ پروڈکٹ (لائف انشورنس پالیسی | مختلف انشورنس پلان + صحت منداور توانا طرز زندگی |
| طویل المدت سرمایہ کاری | طویل المدت سرمایہ کاری + ہفتہ وار بنیاد پر ایکٹو لائف اسٹائل کے انعامات + ویریبل ڈیوائس پر 100 فیصد تک کیش بیک* + سالانہ انعامات* |
| بیمہ شدہ شخص کی فیملی کے مستقبل کا تحفظ | بیمہ شدہ شخص کی فیملی کے مستقبل کا تحفظ + بیمہ شدہ کا بہتر صحت مند طرزِ زندگی |
| موبائل اپلی کیشن صرف رکنیت کی تفصیلات اور عام معلومات فراہم کرتی ہے | موبائل پر مبنی حکمت عملی، IGI لائف وائیٹیلٹی اپلی کیشن ڈیوائس کے ساتھ منسلک ہے۔ |
| صحت پر توجہ مرکوز نہیں کی جاتی | بذریعہ ''وائیٹیلٹی ہیلتھ چیک اسکریننگ اسسمنٹ'' سے صحت پر توجہ مرکوز رکھی جاتی ہے + وائیٹیلٹی ہیلتھ ریویو + وائیٹیلٹی نیوٹریشن اسسمنٹ + نان اسموکر ڈیکلریشن (NSD) + وائیٹیلٹی عمر |
| صرف سالانہ لین دین کے سبب آپ کا پروڈکٹ کے ساتھ تعلق واجبی رہتا ہے | صحت منداور چست وتوانا زندگی پر توجہ |

*شرائط وضوابط لاگو ہیں۔

** آپ کو تجویز کیا جاتا ہے کہ ڈیوائس ہمیشہ پہن کر رکھیں لیکن آپ کا موبائل بھی آپ کی جسمانی سرگرمیوں کا ریکارڈ رکھ سکتا ہے، اس کے لیے لازمی ہے کہ آپ کے پاس اینڈرائڈ کی صورت میں سیم سنگ ہیلتھ ایپ اور iOS کی صورت میں ہیلتھ ایپ موجود ہو۔ مزید تفصیلات کے لیے 711-111-111 (21-92+) UAN پر رابطہ کریں۔ شرائط وضوابط لاگو ہیں۔

# موبائل فون سے منسلک حکمتِ عملی

یہ پروگرام شیئرڈ ویلیو پر مبنی ہے جو آپ کو اچھی صحت برقرار رکھنے پر انعامات اور فوائد دیتا ہے۔ یہ آپ کو تین اہم نقات پر مبنی صحت مند طرزِ زندگی کے لیے طریقہ کار، معلومات اور حوصلہ افزائی دیتا ہے۔

- اپنی صحت کے بارے میں جانیں
- اپنی صحت بہتر بنائیں
- فوائد سے لطف اندوز ہوں

IGI لائف وائیٹیلٹی ایپ کے ذریعے آپ اپنی جسمانی سرگرمیوں کا جائزہ لیتے ہوئے فٹنس کے اہداف حاصل کرتے ہیں اور ان اہداف کے حصول پر انعامات کے حقدار بھی قرار پاتے ہیں۔ آپ IGI لائف وائیٹیلٹی ایپ کو اپنے اینڈرائڈ یا iOS موبائل ڈیوائس* پر ڈاؤن لوڈ کر کے اپنا ID اور پاس ورڈ استعمال کرتے ہوئے اکاؤنٹ بنا سکتے ہیں جو کہ آپ کو ممبر شپ خریدنے کے بعد ویلکم ای میل میں فراہم کیا جائے گا۔




### 1۔ اپنی صحت کے بارے میں جانیں

- وائیٹیلٹی ہیلتھ چیک (VHC)
- وائیٹیلٹی ہیلتھ ریویو (VHR)
- وائیٹیلٹی نیوٹریشن اسسمنٹ (VNA)
- نان اسموکر ڈیکلریشن (NSD)
- وائیٹیلٹی ایج (VA)

### 2۔ اپنی صحت بہتر بنائیں

- فزیکل ایکٹویٹی پوائنٹ حاصل کریں اور ہفتہ وار انعامات حاصل کریں۔
- اپنی صحت کو جاننے کے سیکشن میں وصول ہونے والے پوائنٹس کو مکمل کریں، جسمانی سرگرمیاں پوری کرتے ہوئے ہیلتھ رینج میں شامل ہوں۔

وائیٹیلٹی ایکٹو پروڈکٹ 4 درجات پر مشتمل ہے۔

- برونز
- سلور
- گولڈ
- پلاٹینم

### 3۔ فوائد سے لطف اندوز ہوں

- **ہفتہ وار انعامات / فوائد**

ایزی ٹکٹس

فوڈ پانڈہ

موبائل ٹاپ اپ

- **ماہانہ فوائد**

ویریبل ڈیوائس* پر 100 فیصد تک کیش بیک

- سالانہ فوائد

مکمل فوائد***

*شرائط وضوابط لاگو ہیں ***شرائط وضوابط سے متعلق ''سالانہ فوائد (مکمل فوائد)'' میں درج ہے۔






## اپنی صحت کے بارے میں جانیں

اس حصے 'اپنی صحت کے بارے میں جانیں' کے ذریعے آپ ان خطرات کے بارے میں جان سکتے ہیں جو آپ کی صحت کو لاحق ہیں یا لاحق ہو سکتے ہیں۔

### وائیٹیلٹی ہیلتھ چیک (VHC)

وائیٹیلٹی ہیلتھ چیک بچاؤ کے لیے اہم بنیادی صحت کے ٹیسٹ اور اسکریننگ کا ایک سیٹ ہے جیسے باڈی ماس انڈیکس (بی ایم آئی)، بلڈ گلوکوز، بلڈ پریشر اور ٹوٹل کولیسٹرول وغیرہ۔

### وائیٹیلٹی ہیلتھ ریویو (VHR)

وائیٹیلٹی ہیلتھ ریویو جنرل ہیلتھ، سوشل اور لائف اسٹائل کی عادات کا جائزہ لینے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

### وائیٹیلٹی نیوٹریشن اسسمنٹ (VNA)

وائیٹیلٹی نیوٹریشن اسسمنٹ سوالنامہ مندرجہ ذیل تین سیکشن پر مبنی ہے۔

- **روزمرہ کا کھانا**

آپ کا روزمرہ کا کھانا کیا ہے اور اس کھانے کی ترتیب کیا ہے؟

- **طرزِ زندگی کا انتخاب**

آپ کے طرزِ زندگی کی کونسی عادات ایسی ہیں جو آپ کے کھانے پینے کے انتخاب پر اثر انداز ہوتی ہیں؟

- **کھانے پینے کی چوائس**

غذائیت اور اجزاء کے لحاظ سے آپ کے کھانے کی ترجیحات کیا ہیں؟

اس سوالنامے کو مکمل پُر کرنے کے بعد، آپ کو اپنے کھانے پینے کی عادات میں بہتر غذائیت کے استعمال کے مشورے دیئے جائیں گے۔

### نان۔اسموکر ڈیکلریشن (NSD)

نان اسموکر کے پوائنٹس حاصل کرنے کے لیے لازمی ہے کہ آپ شرائط وضوابط میں درج نکات کے عین مطابق تمباکو پر مبنی پروڈکٹس کا استعمال نہ کرتے ہوں۔

### Vitality Age (وائیٹیلٹی عمر)

آپ کی وائیٹیلٹی ایج دراصل آپ کی صحت کا مجموعی جائزہ لینے کے بعد واضح کی جائے گی، لازمی نہیں ہے کہ آپ کی وائیٹیلٹی ایج آپ کی طبعی عمر سے مطابقت رکھتی ہو۔

*ٹیسٹ کے اصل نتائج ایپلی کیشن کے ذریعے اپ لوڈ کیے جاتے ہیں۔

## اپنی صحت بہتر بنائیں

یہ حصہ آپ کو جسمانی سرگرمیوں تک رسائی مہیا کرتے ہوئے صحت کو بہتر بنانے کے لیے حوصلہ افزائی کرتا ہے۔ آپ کی موجودہ طبی صورتحال کے مطابق، آپ کو ہفتہ وار جسمانی سرگرمیوں کے ہدف مہیا کیے جائیں گے اور بعدازاں اُن سرگرمیوں کو پورا کرنے پر آپ کو انعام دیا جائے گا۔ *

ہم آپ کو تجویز کرتے ہیں کہ آپ اپنی جسمانی سرگرمیوں کا جائزہ لینے کے لیے wearable ڈیوائس کا انتخاب کریں جس میں پہلے سے پیڈومیٹر اور ہارٹ ریٹ مانیٹر موجود ہوتا ہے۔ براہِ مہربانی آپ صرف اسی ڈیوائس کا انتخاب کریں جس کی نشاندہی شرائط وضوابط میں درج ہے۔




*مزید تفصیلات کے لیے ہمارے UAN 711-111-111 (21-92+) پر رابطہ کریں۔ شرائط وضوابط لاگو ہیں۔

** آپ کا موبائل سام سنگ ہیلتھ ایپ (جو کہ اینڈرائڈ پر دستیاب ہے) اور ہیلتھ ایپ (جو کہ iOS پر دستیاب ہے) کے ذریعے آپ کی جسمانی سرگرمیوں کا ریکارڈ رکھ سکتا ہے۔



## انعامات سے لطف اندوز ہوں

IGI لائف وائیٹیلٹی ہفتہ وار اور سالانہ انعامات/فوائد کے ذریعے آپ کو ایک صحت مند طرزِ زندگی گزارنے کی حوصلہ افزائی کرتی ہے۔

### ہفتہ وار انعامات

اپنی جسمانی سرگرمی کے ہفتہ وار اہداف کو پورا کریں اور سینما گھر میں نصف قیمت پر ٹکٹس کے حصول کیلئے ایزی ٹکٹس واؤچر یا صحت سے بھرپور کھانے کیلئے 500 روپے مالیت کا فوڈ پانڈا واؤچر یا 500 روپے مالیت کے ایزی ٹکٹس موبائل ٹاپ اپ واؤچر کا انتخاب کریں جو پاکستان کے اندر کسی بھی جی ایس یم نیٹ ورک کے حامل موبائل میں حاصل کئے جا سکتے ہیں۔

یہ واؤچرز آئی جی آئی لائف وائیٹیلیٹی ایپ میں دیئے جاتے ہیں۔

### ماہانہ فعال انعامات

* آئی جی آئی لائف کے ذریعے خریدی گئی ویئرایبل ڈیوائس پر 100 فیصد کیش بیک

### سالانہ ریوارڈ (جامع فوائد)

پالیسی کی ہر سالگرہ پر آپ اپنی وائٹیلیٹی حیثیت کی بنیاد پر جامع فوائد کیلئے کوالیفائی ہوتے ہیں۔
یہ فوائد سالانہ بنیادوں پر حاصل ہوتے ہیں اور پالیسی کی ہر پانچویں سالگرہ پر آپ کے اکاؤنٹ ویلیو میں جمع کئے جاتے ہیں





*شرائط وضوابط لاگو ہیں

## سالانہ وائٹیلٹی اسٹیٹس

اپنی صحت کی موجودہ صورتحال جاننے کے لیے آپ وائٹیلٹی پوائنٹس کمائیں اور اپنی صحت کو مزید بہتر بنانے کی جانب قدم بڑھائیں۔

آپ جیسے جیسے پوائنٹس کماتے جاتے ہیں، آپ بہتر وائٹیلٹی اسٹیٹس حاصل کرتے جاتے ہیں۔

وائٹیلٹی ایکٹو پروڈکٹ میں چار درجات ہیں۔





## ہیلتھ اسکریننگ کے ذریعے وائٹیلٹی پوائنٹس حاصل کریں۔

| | اپنی صحت کے بارے میں جانیں | پوائنٹس | +60 پر بونس پوائنٹس | پوائنٹس ایلوکیشن کی تعداد | پوائنٹس کی حد (رکنیت کا ہر سال) |
|---|---|---|---|---|---|
| تشخیص | وائٹلٹی ہیلتھ ریویو | 1,000 | 0 | سالانہ | 1,000 |
| | وائٹیلٹی نیوٹریشن اسسمنٹ | 500 | 0 | سالانہ | 500 |
| | نان اسموکر ڈیکلریشن | 1,000 | 0 | سالانہ | 1,000 |
| اسکریننگ اینڈ پریوینشن | وائٹلٹی ہیلتھ چیک | ہر حصے میں 1,250<br>صحت مندی کے زمرے میں ہونے کے لیے 2,500 | صحت مندی کے زمرے میں ہونے کے لیے ہر حصے میں 1,250 | سالانہ | 15,000 - under 60<br>20,000 - over 60 |
| ٹوٹل وائٹیلٹی پوائنٹس | | | | | 17,500 - under 60<br>22,500 - over 60 |

* آپ 2,500 پوائنٹس حاصل کرسکتے ہیں اگر آپ کے وائٹلٹی ہیلتھ چیک ٹیسٹ صحت مندی کے زمرے میں آتے ہوں۔



## فزیکل ایکٹوٹیز کے ذریعے وائٹیلٹی پوائنٹس حاصل کریں




| | دل کی دھڑکن*<br>دورانیہ اور دل کی دھڑکن | حاصل کیے گئے پوائنٹس | Over 60 years of age |
|---|---|---|---|
| اعتدال میں (+60) | عمر کے لحاظ سے زیادہ سے زیادہ 60 فیصد کی حد تک شرحِ رفتارِ قلب کی حامل 20 منٹ کی جسمانی سرگرمی | 0 | 50 Booster points |
| اعتدال | عمر کے لحاظ سے زیادہ سے زیادہ 60 فیصد کی حد تک شرحِ رفتارِ قلب کی حامل 30 منٹ کی جسمانی سرگرمی | 100 | 50 Booster points |
| سخت ورزش | عمر کے لحاظ سے زیادہ سے زیادہ 70 فیصد کی حد تک شرحِ رفتارِ قلب کی حامل 30 منٹ کی جسمانی سرگرمی | 200 | 50 Booster points |
| | عمر کے لحاظ سے زیادہ سے زیادہ 60 فیصد کی حد تک شرحِ رفتارِ قلب کی حامل 60 منٹ کی جسمانی سرگرمی | 200 | 50 Booster points |
| زیادہ دورانیہ کی سخت ورزش | عمر کے لحاظ سے زیادہ سے زیادہ 70 فیصد کی حد تک شرحِ رفتارِ قلب کی حامل 60 منٹ سے زائد کی جسمانی سرگرمی | 300 | 50 Booster points |
| | عمر کے لحاظ سے زیادہ سے زیادہ 60 فیصد کی حد تک شرحِ رفتارِ قلب کی حامل 90 منٹ سے زائد کی جسمانی سرگرمی | 300 | 50 Booster points |





## ویئرایبل ڈیوائس کیش بیک

آپ کے ماہانہ آئی جی آئی لائف وائیٹیلیٹی پوائنٹس کا ٹارگٹ ظاہر کرتا ہے کہ آپ کو ہر ماہ کتنی جسمانی سرگرمی کی ضرورت ہے۔اپنے ماہانہ پوائنس کے ہدف کو حاصل کریں اور پروگرام کے ذریعے ویریبل ڈیوائس پر قابل اطلاق فیصد کیش بیک حاصل کریں۔




آپ 24 ماہ کی مدت میں اپنے ماہانہ جسمانی سرگرمی کے اہداف پورے کرنے کے بعد ویریبل ڈیوائس پر 100 فیصد تک کیش بیک حاصل کرنے کے مجاز ہو سکتے ہیں۔ مذکورہ بالا ڈسکاؤنٹ صرف آئی جی آئی لائف وائیٹیلیٹی کے ممبرز کے لیے دستیاب ہے۔ آپ دل کی دھڑکن کو ٹریک کرنے کے لیے اپنی ڈیوائس استعمال کر سکتے ہیں: تاہم، کیش بیک صرف بذریعہ پروگرام خریدی کی ویریبل ڈیوائس پر ہی دستاب ہے۔

# IGI لائف وائیٹیلٹی میں کسٹمر کا سفر

علی، عمر 35 سال

علی کو لائف انشورنس کے تحفظ کے ساتھ اچھی صحت پر انعام ملنے کا تصور بہت اچھا لگا۔ اس نے مزید معلومات کے لیے قریبی برانچ کا دورہ کیا۔

علی ڈیوائس پر ماہانہ قیمت کی واپسی حاصل کرنا چاہتا ہے اس لیے اس نے بھی ویرا ایبل ڈیوائس خریدی۔

Welcome

Approved

علی سیم سنگ گلیکسی واچ پر ماہانہ کیش بیک حاصل کرنا چاہتا ہے اس لیے علی نے بھی سیم سنگ گلیکسی واچ 30 فیصد ڈسکاؤنٹ کے ساتھ خریدی۔

اس نے IGI لائف وائیٹیلٹی ایپلی کیشن ڈاؤن لوڈ کی اور رجسٹریشن مکمل کی۔ اس نے سیم سنگ گلیکسی وائیٹیلٹی ایپ کے ساتھ منسلک کیں تا کہ روزمرہ فزیکل ایکٹوٹیز مسلسل اپ ڈیٹ ہو سکیں۔ جس کے بعد وہ اپنی ڈسکاؤنٹ شدہ سیم سنگ گلیکسی واچ پر ماہانہ کیش بیک حاصل کر سکتا ہے۔

IGI Life Vitality

علی کی شروعات Bronze لیول سے ہوئی۔

Bronze

علی نے اپنا آن لائن میڈیکل چیک اپ مکمل کیا اور کچھ پوائنٹس حاصل کیے۔

وائیٹیلٹی ہیلتھ ریویو پوائنٹس 1000

1,000 Points

وائیٹیلٹی نیوٹریشن اسسمنٹ کے 500 پوائنٹس۔ اس طرح ٹوٹل 1500 پوائنٹس ہوئے۔

500 Points

چار اہم حصوں کے لیے وائیٹیلٹی ہیلتھ چیک، ہر حصے کے لیے اس نے 1250 پوائنٹس حاصل کیے یعنی کہ چاروں حصوں کے ملا کر 5000 پوائنٹس ہوئے اور مجموعی ٹوٹل 6500 ہوا۔

1,250 Points

چونکہ علی کے تمام نتائج بہترین رینج میں ہیں اس لیے اسے اہم حصے کے لیے 2500 اضافی پوائنٹس دیئے جائیں گے۔ اس طرح اسے صرف چار اہم حصوں پر 10,000 پوائنٹس حاصل ہوئے۔

10,000 Points

علی نے VHC سے مجموعی طور پر 15,000 پوائنٹس حاصل کر لیے ہیں۔ علی کا ابھی تک کے لیے گرینڈ ٹوٹل 16,500 ہو چکا ہے۔

Vitality Health Check

نان اسموکر ڈیکلریشن کے 1,000 پوائنٹس۔ ٹوٹل پوائنٹس 17,500 ہوئے۔

علی نے چونکہ 17,500 پوائنٹس حاصل کر لیے ہیں اس لیے اس کا لیول Silver ہو چکا ہے۔

Silver

نتائج کی بنیاد پر علی کی وائیٹیلٹی عمر 33 سال ہے۔

Vitality Age 33

اب علی ہفتہ وار جسمانی سرگرمیوں کا ہدف حاصل کرتا ہے اور انہیں پورا کرنے کے لیے محنت کرتا ہے۔

علی نے اپنا ہفتہ وار ٹارگٹ پورا کر لیا ہے اور اب اسے اختیار حاصل ہے کہ وہ دستیاب انعامات میں سے اپنے لیے انعام کا انتخاب کرے۔ ایزی ٹکٹ موبائل ٹاپ اپ پر 500 روپے کا واؤچر یا فوڈ پانڈا (500 روپے مالیت کا ڈسکاؤنٹ کوڈ)

easytickets
The easy way to buy tickets
foodpanda
Rs.

علی نے موبائل ٹاپ اپ کے لیے ایزی ٹکٹ کا انتخاب کیا اور اپنے دوست دوستوں اور گھر کے افراد کو فون کرنے کا لطف اٹھاتا ہے۔

TICKET

دوسرے ہفتے میں بھی علی نے اپنا ٹارگٹ پورا کیا اور اس بار علی نے فوڈ پانڈا کے ڈسکاؤنٹ کوڈ سے فائدہ اٹھاتے ہوئے صحت مند کھانا انجوائے کیا۔

علی نے اس ماہ کے اختتام تک اپنا ماہانہ ٹارگٹ پورا کر لیا جس پر علی نے ویریبل ڈیوائس پر کیش بیک حاصل کیا۔

علی نے آئندہ 5 ماہ تک اپنا صحت مند طرزِ زندگی برقرار رکھا، جس کے نتیجے میں اس کے مجموعی پوائنٹس بڑھ کر 20,000 ہو گئے اور علی کا لیول GOLD ہو گیا۔

Gold

PLATINUM اسٹیٹس کی بنیاد پر، علی نے اپنے زرِ تعاون کا ایک فیصد سالانہ اضافی فوائد کے طور پر حاصل کیا۔

Platinum

علی نے 7 کلوگرام وزن میں کمی کا ٹارگٹ پورا کر لیا ہے اور اب اس کی وائیٹیلٹی عمر 30 سال ہو چکی ہے۔

دو سال کے اختتام تک علی نے ہمیشہ اپنے ماہانہ ٹارگٹ پورے کیے ہیں، لہٰذا اس نے ویریبل ڈیوائس پر 100 فیصد کیش بیک حاصل کیا ہے۔ وہ اب اس پروگرام ذریعے نئی ویریبل ڈیوائس خریدنے کے لیے بھی تیار ہے جس پر وہ 24 مہینوں تک مسلسل کیش بیک حاصل کرتا رہے گا۔

علی کو اپنی IGI لائف وائیٹیلٹی پالیسی کے پانچ سال مکمل ہونے پر، سالانہ اضافی فوائد کا اماؤنٹ حاصل ہوگا جو کہ علی کی ممبر شپ کے ٹاپ اپ اکاؤنٹ میں جمع کرائے جائیں گے۔ اب تک، کیونکہ اس نے ہمیشہ اپنے ٹارگٹس کو پورا کیا ہے اور اس نے 2 سیم سنگ واچز پر کیش بیک بھی حاصل کیا ہے، اب وہ تیسری واچ سے لطف اندوز ہو رہا ہے۔

5 Years

Integrated Benefit

*شرائط وضوابط لاگو ہیں۔

## آئی جی آئی لائف ہیلتھی سیونگز پلان کے لیے سالانہ اضافی فوائد (Integrated Benefit)

IGI لائف وائیٹیلٹی کا سالانہ اضافی فائدہ ہر پانچویں سال کے آغاز میں، ایک اضافی رقم (پریمیئر کا %) اس کی شرائط وضوابط کے تحت بطور وائیٹیلٹی اضافی سالانہ فائدہ سرمایہ کاری مالیت اکاؤنٹ منتقل کردیا جائے گا۔ اضافی سالانہ فائدہ، جوکہ آئی جی آئی لائف وائیٹیلٹی کی موجودہ کیفیت اور فیس رقم حاصل ضرب کی بنیاد پر سال مکمل ہونے پر واجب الادا ہوتا ہے اور پانچ سال بعد ادا کیا جاتا ہے۔

### مجموعی مالیت سے کیا مراد ہے؟

یہ مجموعی مالیت دوسرے قابلِ اطلاق فوائد کے، پالیسی ہولڈر کی وفات پر واجب الادا ہوتی ہے۔ مجموعی مالیت، بنیادی پریمئم کا حاصل ضرب ہوتا ہے۔ پالیسی ہولڈر کو درج ذیل حاصل ضرب پیش کیے جاتے ہیں:

| عمر | مجموعی مالیت کا حاصل ضرب* | |
|---|---|---|
| | کم سے کم | زیادہ سے زیادہ |
| 50 سال تک | 5 | 40 |
| 51 سے 55 | 5 | 20 |
| 56 سے 60 | 5 | 10 |
| 61 سے زائد | 5 | 5 |

* دعوائے دستبرداری: مذکورہ بالا حاصل ضرب پر شرائط وضوابط لاگو ہیں۔

### اکاؤنٹ ویلیو سے کیا مراد ہے؟

اکاؤنٹ ویلیو سے مراد وہ رقم ہے جس کے مساوی پالیسی میں سرمایہ کاری کردہ حصہ ہوتا ہے۔ درج ذیل جدول IGI لائف وائٹلٹی مجتمع فوائد کی شرح کو ظاہر کرتا ہے:

#### اسٹیٹس

| مجموعی مالیت کا حاصل ضرب | برونز | سلور | گولڈ | پلاٹینم |
|---|---|---|---|---|
| 5 سے 10 | 0.0% | 0.0% | 0.0% | 0.0% |
| 11 سے 20 | 0.0% | 2.5% | 5.0% | 9.0% |
| 21 اور اس سے زائد | 0.0% | 5.0% | 10.0% | 18.0% |



برونز، سلور، گولڈ اور پلاٹینم حیثیتیں شرائط وضوابط کے مطابق متعدد اہداف اور اسسمنٹ / سوالناموں میں کامیابی کے نتیجہ میں رکن کی طرف سے حاصل کی حیثیت کی عکاسی کرتی ہے

**موت پر جامع فائدہ:** بیمہ شدہ کی موت کی صورت میں اب تک جمع شدہ جامع فائدے جو سرمایہ کاری اکاؤنٹ میں واجب الادا نہ ہو، موت کی صورت میں فائدہ کے علاوہ دیے جائیں گے۔

**معذوری پر جامع فائدہ:** مستقلی کلی معذوری کی صورت میں حاصل کیے جامع فوائد سرمایہ کاری اکاؤنٹ میں جمع کرائے جائیں گے۔

**دستبرداری پر جامع فائدہ:** دستبرداری کی صورت میں جامع فوائد جو دستبرداری کی تاریخ سے اب تک حاصل ہوئے، جو ٹاپ اپ کاؤنٹ کیلئے واجب الادا نہ ہو، قابل ادا نہیں ہوں گے۔

جزوی دستبرداری کی صورت میں، وائیٹیلٹی کا جامع فائدہ اُس پانچ سالہ میعاد میں ادا نہیں کیا جائے گا۔

## پلان کے بنیادی فوائد

اکاؤنٹ ویلیو ایکسلریشن پریمئم (AVAP): آپ کو اضافی فنڈ کو بطور اکاؤنٹ ویلیو ایکسلریشن پریمئم (AVAP) جمع کروانے کا اختیار حاصل ہوگا

وفات پر فائدہ: وفات کی صورت میں بنیادی مجموعی مالیت اور سرمایہ کاری کی مالیت بمع سالانہ فوائد جو سرمایہ کاری اکاؤنٹ کی مالیت پہلے سے واجب الادا نہ ہو، ادا کیا جائے گا

میعاد کی تکمیل پر فائدہ: سرمایہ کاری اکاؤنٹ کا 100 فیصد، بمعہ AVAP (اگر کوئی ہے) اور اضافی فوائد کے ساتھ، جو کہ پہلے سے سرمایہ کاری اکاؤنٹ کے لیے واجب الادا نہ ہو، تکمیلِ میعاد پر ادا کیا جائے گا۔

اضافی یونٹ کی تخصیص: جتنا زیادہ عرصہ پالیسی جاری رہے گی، فوائد بھی اتنے ہی زیادہ ہوں گے۔ پلان، پانچواں سال سے آغاز کرتے ہوئے اضافی یونٹ فراہم کرتا ہے۔ اضافی یونٹ کی تخصیص اس طرح ہوگی:

| پالیسی سال | بنیادی پریمئم کا فیصد |
|---|---|
| 5 سے 10 سال | 2% |
| 11 سے 15 سال | 4% |
| 16 اور زائد | 5% |

خودکار طریقے سے رکنیت کا جاری رہنا: 2 سال کے بعد پریمئم کی ادائیگی نہ کر پانے کی صورت میں، آپ اُس وقت تک لائف انشورنس کے اہل ہوں گے جب تک کہ آپ کے سرمایہ کاری اکاؤنٹ کی مالیت آپ کی پالیسی کے لیے ادا کردہ چارجز کی ادائیگی کے لیے کافی ہو۔

## لازمی ضمنی فوائد

- حادثاتی موت کا فائدہ: اے ڈی بی حادثہ کیوجہ سے موت کی صورت میں اضافی فائدہ دیتا ہے

## کون سے ضمنی اضافی فوائد حاصل کیے جاسکتے ہیں؟

مذکورہ بالا روایتی فوائد کے علاوہ، آپ اس پلان کے تحت کئی اضافی فوائد بھی حاصل کر سکتے ہیں۔ یہ فوائد اوران کی متعلقہ تفصیلات ذیل میں دی گئی ہیں:

- فیملی تحفظ کا فائدہ۔معذوری (ایف پی آر): فیملی پروٹیکشن رائیڈر بیمہ شدہ شخص کی بیماری یا حادثہ کی وجہ سے مستقل کلی معذوری میں مستقبل کی پریمئم سے دستبرداری فراہم کرتا ہے جو رائیڈر کی مدت کے اختتام تک ہوگی۔
- صحت یقینی (HealthSure): بیماری یا حادثہ کی وجہ سے ہسپتال میں قیام میں اٹھنے والے اخراجات کو کور دینے کیلئے مالی تحفظ فراہم کرتا ہے۔
- لیول ٹرم انشورنس کا فائدہ (ایل ٹی آر): لیول ٹرم انشورنس بیمہ شدہ شخص کی موت پر دیے جانے والے فوائد کو بڑھاتا ہے۔ایل ٹی آر کی مجموعی مالیت اس بنیادی پلان کے تحت قابل ادا موت پر فائدہ کے علاوہ دی جائے گی
- آمدنی کا فائدہ۔معذوری (آئی بی آر۔معذوری): بیمہ شدہ شخص کی بیماری یا حادثہ کی وجہ سے مستقل کلی معذوری کی صورت میں منتخب کردہ مدت تک نامزد بینیفشری کو آمدنی کا ماہانہ فائدہ دیا جائے گا۔
- علاج آسان (ای اے): علاج آسان مجموعی مالیت اس صورت میں ادا کی جائے گی جب بیمہ شدہ شخص میں احاطہ شدہ بیماریوں میں سے کسی ایک بیماری کی پہلی مرتبہ تشخیص ہو اور بیمہ شدہ شخص بیماری کی تشخیص یا سرجری کی تاریخ سے 14 دن کے اختتام کے بعد زندہ ہو،
- مستقل اور کلی معذوری (پی ڈی ٹی): بیماری یا حادثہ کی وجہ سے بیمہ شدہ شخص کی مستقل اور کلی معذوری کی صورت میں پی ڈی ٹی کی مجموعی مالیت 20 فیصد، 30 فیصد اور 50 فیصد کے حساب سے 24 ماہ کے تک 3 اقساط میں ادا کی جائے گی۔اگر بیمہ شدہ شخص تمام اقساط وصول کرنے سے پہلے وفات پا جاتا ہے تو بقیہ اقساط ایک ہی بار یکمشت ادا کی جائیں گی۔
- ایکسی ڈنٹ کیئر فائدہ (اے سی بی): اے سی بی حادثہ کی وجہ سے بیماری یا موٹ کی صورت میں اضافی فوائد ادا کرے گا۔یہ رائیڈر موت کی صورت ریمبرسمنٹ میں بھی تحفظ فراہم کرتا ہے۔
- حادثاتی میڈیکل اخراجات کی ریمبرسمنٹ (اے ایم ار): اے ایم ار حادثہ کی وجہ سے ان یا آوٹ ہسپتال میں مناسب، مروجہ اور ضروری اخراجات پر مکمل تحفظ فراہم کرتا ہے۔



## سرمایہ کاری کی حکمتِ عملی کا انتخاب؟

آپ کو درخواست میں یونٹس کی خریداری کے لیے اپنی مرضی کے مطابق پریمئم کی مخصوص شرح کا اظہار کرتے ہوئے، سرمایہ کاری کی ہر حکمتِ عملی میں، خود اپنی سرمایہ کاری کے ذرائع کے انتخاب کا موقع دیا جائے گا۔آپ کو درج ذیل ذیلی اکاؤنٹس پیش کیے جائیں گے:

| آئی جی آئی سیکیور فنڈ |
| --- |
| فنڈ کی نوعیت: منی مارکیٹ فنڈ |
| یونٹ لنکڈ فنڈ کی قسم (رسک پروفائل): کم |
| سیکیور حکمتِ عملی کا مقصد صرف سویرین بونڈ میں سرمایہ کاری کر کے کیپیٹل میں استحکام حاصل کرنا۔ یہ حکمتِ عملی ایسے افراد کے لیے زیادہ فائدہ مند ہے جو اپنی سرمایہ کاری میں رسک سے بچنا چاہتے ہیں۔ |
| حکومتی سیکیورٹیز : 100% |

| آئی جی آئی محتاط فنڈ |
| --- |
| فنڈ کی نوعیت: انکم فنڈ |
| یونٹ لنکڈ فنڈ کی قسم (رسک پروفائل): معتدل |
| اس فنڈ کے اثاثہ جات میں حکومتی اور ریا دیگر محفوظ سرمایہ کاری شامل ہے۔اس حکمتِ عملی کے تحت اسٹاک مارکیٹ میں سرمایہ کاری نہیں کی جاتی |
| حکومتی سیکیورٹیز اور دیگر فکسڈ آمدن والی سرمایہ کاری : 100% |

| آئی جی آئی متوازن فنڈ |
|---|
| فنڈ کی نوعیت: متوازن فنڈ |
| یونٹ لنکڈ فنڈ کی قسم (رسک پروفائل): درمیانی |
| اس حکمتِ عملی کے تحت اسٹاک مارکیٹ اور حکومتی سیکیورٹیز اور/ یا دیگر محفوظ سرمایہ کاری کے ذریعے کیپیٹل میں مستحکم بڑھوتری حاصل کی جاتی ہے |
| اسٹاک مارکیٹ فنڈ: 0% سے 40% |
| حکومتی سیکیورٹیز اور دیگر فکسڈ آمدن والی سرمایہ کاری: 60% سے 100% |

| آئی جی آئی جارحانہ فنڈ |
|---|
| فنڈ کی نوعیت: جارحانہ فنڈ |
| یونٹ لنکڈ فنڈ کی قسم (رسک پروفائل): زیادہ |
| اس حکمتِ عملی کے تحت زیادہ تر شیئرز میں سرمایہ کاری کر کے طویل المدت کیپیٹل بڑھوتری حاصل کی جاتی ہے۔ |
| اسٹاک مارکیٹ فنڈ: 60% سے 70% |
| حکومتی سیکیورٹیز اور دیگر فکسڈ آمدن والی سرمایہ کاری: 30% سے 40% |

| آئی جی آئی اسلامک فنڈ |
|---|
| فنڈ کی نوعیت: انکم فنڈ (شریعت کے مطابق) |
| یونٹ لنکڈ فنڈ کی قسم (رسک پروفائل): معتدل |
| یہ حکمتِ عملی شریعہ کے مطابق ہے جس کی سرمایہ کاری شریعت کے مطابق مواقع اور اثاثہ جات میں کی جاتی ہے۔ |
| صکوک اور/ یا دیگر منی مارکیٹ فنڈ: 100% |



آپ اپنی ضروریات اور ترجیحات کے پیشِ نظر دستیاب سہولیات میں سے اپنی سرمایہ کاری کی حکمتِ عملی کی ترتیب منتخب کرتے ہوئے خود اپنی سرمایہ کاریوں کو منظّم رکھ سکتے ہیں۔ آپ کو مخصوص شرائط کے تحت ایک سرمایہ کاری اکاؤنٹ سے دوسرے میں منتقلی کا حق بھی حاصل ہوگا۔ براہِ کرم یاد رکھیے کہ سرمایہ کاری کے ممکنہ خطرات بیمہ شدہ کی جانب سے برداشت کیے جائیں گے اور سرمایہ کاری فنڈ کی مجموعی مالیت متعین کردہ اعداد و شمار سے کم یا زیادہ ہوسکتی ہیں۔

## یونٹ لنکڈ فنڈ کا اختیار

پالیسی کے اجراء کے وقت یونٹس کی سرمایہ کاری کم رسک والے فنڈ میں کی جائے گی۔ پالیسی کے اجراء کے بعد بغیر کسی اضافی چارجز کے پالیسی ہولڈر کو رسک کی استعداد کو مدنظر رکھتے ہوئے اپنی مرضی کے مطابق فنڈ کے انتخاب کا حق حاصل ہے۔ نئے فنڈ کو کسٹمر کی صوابدید پر مختلف فنڈ کے امتزاج سے تشکیل دیا جاسکتا ہے بشرطیکہ اس امتزاج کا مجموعہ 100% ہو۔

## کم سے کم یا زیادہ سے زیادہ پریمئم کی حدود کیا ہیں؟

پریمئم کی ادائیگی کے درج ذیل طریقۂ کار کے لیے کم سے کم قابلِ قبول پریمئم 50,000 روپے ہے:

- سالانہ
- ششماہی
- سہ ماہی

## یونٹ کی پرائسنگ کا طریقہ کار:

کمپنی کے پاس موجود فنڈز کی مالیت روزانہ کی بنیاد پر مارکیٹ ویلیو کے اعتبار سے لگائی جاتی ہے۔ انڈر رائٹنگ ڈپارٹمنٹ تمام درخواستوں کو طے شدہ طریقۂ کار کے مطابق مکمل کرتا ہے/ پالیسیز تیار کرتا ہے۔ یونٹ کی مالیت کے تعین کی ہر تاریخ کو موصول ہونے والا تمام صافی پریمیم (جس میں وصول شدہ پریمیم، کلیمز، دستبرداری اور فنڈ کی منتقلی شامل ہے) اکاؤنٹس ڈپارٹمنٹ کو فراہم کیا جاتا ہے، جو اس تمام پریمیم کو اُسی دن مجموعی فنڈز کے لیے میوچل فنڈ کے یونٹس کی خریداری کے لیے استعمال کرتا ہے۔

یونٹ کی مالیت کے تعین کے دن کے آخر میں مجموعی فنڈ کے اثاثہ جات کی صافی ویلیو کا اس وقت تک کی فراہم کردہ میوچل فنڈز کی قیمتوں کے اعتبار سے دوبارہ حساب کیا جاتا ہے۔ اس حساب کردہ اثاثہ جات کی صافی ویلیو کو نظرثانی شدہ بڈ اور آفر (بڈ پرائس کا 105%) پرائس کو جاننے کے لیے مجموعی فنڈ میں موجود یونٹس پر تقسیم کیا جاتا ہے۔ میوچل فنڈ میں کی جانے والی اضافی سرمایہ کاری کو مجموعی فنڈ کے اضافی یونٹس کی تعداد معلوم کرنے کے لیے (جیسا کہ اوپر حساب کیا گیا ہے) مجموعی فنڈ کے موجودہ یونٹس پر تقسیم کیا جاتا ہے۔ مجموعی فنڈ کی قیمتیں، جن کا حساب یونٹس کی مالیت کے تعین کی تاریخ کے اختتام پر میوچل فنڈ کی پرائس کی بنیاد پر کیا جاتا ہے ان کا اگلی صبح سسٹم میں اندراج کیا جاتا ہے اور تمام ٹرانزیکشنز یعنی خریداری، دستبرداری اور منتقلی وغیرہ کے لحاظ سے یونٹس کی ایلوکیشن اسی اعتبار سے کی جاتی ہے۔ مجموعی فنڈ کی قیمتیں جن کا اندراج سسٹم پر کیا گیا ہے وہ پالیسی ہولڈر کی آگاہی کے لیے ویب سائٹ پر اپڈیٹ کی جاتی ہیں اور سیلز میں سہولت فراہم کرنے کے لیے فیلڈ فورس کو بھی فراہم کی جاتی ہے۔

## پریمئم کی مجموعی مالیت؟

آئی جی آئی لائف وائٹیلیٹی، آپ کی سرمایہ کاری پر زیادہ سے زیادہ منافع حاصل کرنے کے لیے پریمئم کیبہترین ترتیب پیش کرتا ہے۔ سرمایہ کاری اکاؤنٹ کی مالیت کے لیے مختص کردہ پریمئم کا تناسب یہ ہے:

### پریمئم کی مجموعی مالیت

| بیمہ کا سال | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 - 10 | 11 - 15 | 16 اور اس سے زائد | AVAP |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سرمایہ کاری اکاؤنٹ میں پریمئم کی مالیت | 57.5% | 85% | 90% | 100% | 102% | 104% | 105% | 100% |

## پریمیم ایلوکیشن فیس کی شرح کیا ہے؟

آئی جی آئی لائف ہیلتھی سیونگز پلان کے پریمیم کی شرح کے اعتبار سے ایلوکیشن فیس مندرجہ ذیل ہے:

| پالیسی کا سال | پریمیم کی شرح کے اعتبار سے ایلوکیشن فیس |
|---|---|
| 1 | 42.5% |
| 2 | 15% |
| 3 | 10% |
| 4 اور اس کے بعد | کوئی نہیں |
| اے وی اے پی | کوئی نہیں |

## اضافی ضمنی پریمئم

یہ پلان مسلسل پریمئم کا پلان ہے لیکن صارف پلان میں میں اضافی فنڈز یکمشت اضافی ضمنی پریمئم جمع کرسکتا ہے۔ یہ اضافی ضمنی پریمئم کہلائے جانے والے مجموعی پریمئم کسی بھی وقت بنائے جاسکتے ہیں۔ AVAP ادائیگیاں پلان کی سرمایہ کاری مالیت میں اضافہ کریں گی لیکن اس سے خطرے پر بنیاد مجموعی رقم کو متاثر نہیں ہوں گی۔

کم سے کم AVAP پریمئم: 50,000 روپے

AVAP پریمئم کی تخصیص: 100 فیصد



## مہنگائی سے تحفظ

پریمئم میں سالانہ اضافے کی مجموعی مالیت اور پریمئم پر سادہ سی بنیاد پر پیش کش کی جائے گی۔ اگر اس کا انتخاب کیا جاتا ہے تو مجموعی مالیت اور پریمئم ہر سال پالیسی سالگرہ کے موقع پر بڑھایا جائے گا۔ پالیسی کا مالک پریمئم اور مجموعی مالیت میں اضافے کا تحریری طور پر نوٹس دے کر منسوخ بھی کرسکتا ہے۔ ایک بار منسوخ کرنے سے یہ اضافہ پالیسی کی بقیہ مدت کیلئے دستیاب نہیں ہوگا

## کیا فری لُک دورانیہ بھی ہے؟

اگر آپ پالیسی کے اجرا کی تاریخ سے 14 روز کے فری لُک دورانیہ میں اپنی پالیسی کو منسوخ کرتے ہیں تو اس صورت میں آپ کی پریمئم اخراجات اگر کوئی ہیں منہا کرکے مکمل ریفنڈ کردی جائے گی۔ اگر رکن نے فری لُک دورانیے کے دوران، کوئی بھی فعال فوائد (ایکٹیو ریوارڈز) حاصل کئے ہوں، ایک ماہ کی وائیٹیلٹی فیس ریفنڈ کی جانے والی رقم سے منہا کرلی جائے گی

## کیا میں کسی بھی وقت اپنی وائیٹیلٹی فعال رکنیت کو منسوخ کرسکتا/ سکتی ہوں؟

آپ کسی بھی وقت اپنی وائیٹیلٹی فعال رکنیت کو منسوخ کرسکتے ہیں، تاہم ایک بار رکنیت منسوخ ہونے کے بعد، آپ کو وائیٹیلٹی کی رکنیت میں دوبارہ شریک ہونا پڑے گا۔

## کیا میں اپنی پالیسی سے کسی بھی وقت دستبردار ہوسکتا/ سکتی ہوں؟

آپ کی پالیسی دو مکمل سال جاری رہنے کے بعد آپ کسی بھی وقت اپنی سرمایہ کاری اکاؤنٹ میں موجود تمام یونٹس کو واپس لینے کا حق رکھتے ہیں۔ اس صورت میں، یونٹس کو بولی کے نرخ پر کیش کیا جائے گا اور رکنیت معطل ہوجائے گی۔ پالیسی کے پہلے دو سال کے دوران مکمل دستبرداری کی صورت میں دستبرداری کی انتظامی فیس چارج کی جائے گی (جیسا کہ نیچے دیئے گئے جدول میں دکھایا گیا)۔

### دستبرداری کی فیس

| سال | 1 | 2 | 3 سے زائد |
|---|---|---|---|
| دستبرداری کے چارج (سرمایہ کاری کے فیصد کے مطابق) | 100% | 100% | NIL |

## کیامیں اپنی پالیسی سے رقم نکال سکتی یا سکتا ہوں؟

پالیسی کے دو مکمل سال کے بعد ذیلی کھاتوں میں موجود یونٹس کی محدود تعداد کو کیش کرواتے ہوئے، اکاؤنٹ کی مالیت کو جزوی طور پر نکالا جا سکتا ہے۔ نکالی گئی رقم کو مستقل طور پر نکالی گئی رقم تصور کیا جاتا ہے اور اس کی دوبارہ ادائیگی نہیں کرنا ہوتی۔ جزوی طور پر نکالی گئی رقم کے باعث، وفات پر حاصل شدہ فائدے میں جزوی نکالی گئی رقم کے مساوی تخفیف ہو سکتی ہے۔ ہر جزوی نکالی جانے والی رقم پر انتظامی فیس کا بھی اطلاق ہوگا۔ جزوی دستبرداری کی صورت میں، سالانہ فوائد اُس پانچ سالہ معیاد میں ادا نہیں کیا جائے گا۔

مثال کے طور پر

| سال | ہر سال کے اختتام پر وائیٹیلیٹی کی حیثیت | پانچ سال کے دوران جزوی انخلاء | پانچ سال کیلئے جامع فوائد |
|---|---|---|---|
| 1-5 | سلور | ہاں | نہیں |
| 6-10 | سلور | نہیں | ہاں |

## اس پروڈکٹ کی فیس اور چارجز کیا ہیں؟

| | |
|---|---|
| فنڈ کا انتظامی چارج | تمام سال۔ 0.125 فیصد ماہانہ |
| سرینڈر چارجز (سرمایہ کاری کی مالیت کا فیصد) | 100 فیصد۔ پہلا اور دوسرے، تیسرے سال کوئی نہیں |
| انتظامی فیس | 175 روپے ماہانہ |
| بڈ/آفر اسپریڈ | 5% |
| سرمایہ کاری کی حکمت عملی کی منتقلی کی فیس | ہر بار تبدیلی پر 500 روپے |
| پراسسنگ فیس | 500 روپے فی جزوی انخلا اور مکمل سرینڈرز |

*شرائط وضوابط لاگو ہیں۔

نوٹ: مذکورہ بالا فیس اور چارجز میں بغیر کسی پیشگی اطلاع کے تبدیلی ہو سکتی ہے۔



## سرمایہ کاری اکاؤنٹ کی مالیت کا خاکہ

مندرجہ ذیل خاکہ ایک 35 سالہ فرد کی سرمایہ کاری اکاؤنٹ کی مالیت کو ظاہر کرتا ہے۔ بنیادی پریمئم 100,000 روپے سالانہ ہے جبکہ پریمئم کی ادائیگی کی مدت 20 سال ہے جبکہ مجموعی پریمئم کی حاصل ضرب 21 اور مجموعی پر رقم 2,100,000 ہے۔

### یونٹ شرح نمو 6 فیصد

| | | برونز | | سلور | | گولڈ | | پلیٹنم | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رکنیت کا سال | کیش ویلیو بمعہ فوائد | وفات کے فوائد | کیش ویلیو بمعہ فوائد | وفات کے فوائد | کیش ویلیو بمعہ فوائد | وفات کے فوائد | کیش ویلیو بمعہ فوائد | وفات کے فوائد | بنیادی کیش ویلیو |
| 5 | 404,024.05 | 2,100,000.00 | 404,024.05 | 2,100,000.00 | 429,024.05 | 2,100,000.00 | 454,024.05 | 2,100,000.00 | 494,024.05 |
| 10 | 985,379.40 | 2,100,000.00 | 985,379.40 | 2,100,000.00 | 1,042,001.32 | 2,100,000.00 | 1,098,623.24 | 2,100,000.00 | 1,189,218.31 |
| 15 | 1,721,029.67 | 2,100,000.00 | 1,721,029.67 | 2,100,000.00 | 1,818,139.50 | 2,100,000.00 | 1,915,249.33 | 2,100,000.00 | 2,070,625.05 |
| 20 | 2,652,009.40 | 2,652,009.40 | 2,652,009.40 | 2,798,920.74 | 2,798,920.74 | 2,945,247.27 | 2,945,247.27 | 3,178,519.02 | 3,178,519.02 |

### یونٹ شرح نمو 9 فیصد

| | | برونز | | سلور | | گولڈ | | پلیٹنم | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رکنیت کا سال | کیش ویلیو بمعہ فوائد | وفات کے فوائد | کیش ویلیو بمعہ فوائد | وفات کے فوائد | کیش ویلیو بمعہ فوائد | وفات کے فوائد | کیش ویلیو بمعہ فوائد | وفات کے فوائد | بنیادی کیش ویلیو |
| 5 | 438,818.10 | 2,100,000.00 | 438,818.10 | 2,100,000.00 | 463,818.10 | 2,100,000.00 | 488,818.10 | 2,100,000.00 | 528,818.10 |
| 10 | 1,157,676.80 | 2,100,000.00 | 1,157,676.80 | 2,100,000.00 | 1,219,034.08 | 2,100,000.00 | 1,280,391.36 | 2,100,000.00 | 1,378,563.01 |
| 15 | 2,205,341.95 | 2,205,841.95 | 2,205,341.95 | 2,320,205.56 | 2,319,705.56 | 2,434,515.41 | 2,434,015.41 | 2,616,955.34 | 2,616,455.34 |
| 20 | 3,713,622.74 | 3,713,622.74 | 3,713,622.74 | 3,901,863.23 | 3,901,863.23 | 4,090,026.98 | 4,090,026.98 | 4,390,438.34 | 4,390,438.34 |

### یونٹ شرح نمو 11 فیصد

| | | برونز | | سلور | | گولڈ | | پلیٹنم | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رکنیت کا سال | کیش ویلیو بمعہ فوائد | وفات کے فوائد | کیش ویلیو بمعہ فوائد | وفات کے فوائد | کیش ویلیو بمعہ فوائد | وفات کے فوائد | کیش ویلیو بمعہ فوائد | وفات کے فوائد | بنیادی کیش ویلیو |
| 5 | 463,429.65 | 2,100,000.00 | 463,429.65 | 2,100,000.00 | 488,429.65 | 2,100,000.00 | 513,429.65 | 2,100,000.00 | 553,429.65 |
| 10 | 1,289,759.73 | 2,100,000.00 | 1,289,759.73 | 2,100,000.00 | 1,354,577.21 | 2,100,000.00 | 1,419,394.69 | 2,100,000.00 | 1,523,102.66 |
| 15 | 2,607,281.00 | 2,607,781.00 | 2,607,281.00 | 2,735,566.13 | 2,735,066.13 | 2,863,268.74 | 2,862,768.74 | 3,067,118.64 | 3,066,618.64 |
| 20 | 4,675,561.67 | 4,675,561.67 | 4,675,561.67 | 4,900,319.01 | 4,900,319.01 | 5,124,947.36 | 5,124,947.36 | 5,483,611.31 | 5,483,611.31 |

دعویٰ دستبرداری: برائے مہربانی نوٹ کر لیں خاکے میں دکھائی جانے والے تمام اعداد محض ایک تخمینہ ہیں اور اس کی کوئی گارنٹی نہیں ہے۔

## وائیٹلیٹی کے بغیر سرمایہ کاری اکاؤنٹ کی مالیت کا خاکہ

مندرجہ ذیل خاکہ ایک 35 سالہ فرد کی سرمایہ کاری اکاؤنٹ کی متوقع مالیت کو ظاہر کرتا ہے۔ بنیادی سالانہ پریمئم 100,000 روپے سالانہ ہے جبکہ پریمئم کی ادائیگی کی مدت 20 سال ہے جبکہ مجموعی پریمئم کی حاصل ضرب 21 ہے اور مجموعی رقم 2,100,000 ہے۔

| Policy Year / پالیسی کا سال | Basic Annual Premium for Year / بنیادی سالانہ پریمیم | Cumulative Main Plan Premium Paid / بنیادی پلان کا کل ادا شدہ پریمیم | 6% Unit Growth Rate / یونٹ کی شرح نمو | | | 9% Unit Growth Rate / یونٹ کی شرح نمو | | | 11% Unit Growth Rate / یونٹ کی شرح نمو | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | Main Plan Death Benefit / بنیادی پلان کے فوائد موت کی صورت میں | Account Value / سرمایہ کاری اکاؤنٹ کی مالیہ | Cash Surrender Value / نقد دستبرداری مالیہ | Main Plan Death Benefit / بنیادی پلان کے فوائد موت کی صورت میں | Account Value / سرمایہ کاری اکاؤنٹ کی مالیہ | Cash Surrender Value / نقد دستبرداری مالیہ | Main Plan Death Benefit / بنیادی پلان کے فوائد موت کی صورت میں | Account Value / سرمایہ کاری اکاؤنٹ کی مالیہ | Cash Surrender Value / نقد دستبرداری مالیہ |
| 1 | 100,000.00 | 100,000.00 | 2,100,000.00 | 46,383.16 | - | 2,100,000.00 | 47,912.78 | - | 2,100,000.00 | 48,933.71 | - |
| 2 | 100,000.00 | 200,000.00 | 2,100,000.00 | 121,811.32 | - | 2,100,000.00 | 127,128.93 | - | 2,100,000.00 | 130,726.87 | - |
| 3 | 100,000.00 | 300,000.00 | 2,100,000.00 | 205,196.24 | 204,696.24 | 2,100,000.00 | 216,959.14 | 216,459.14 | 2,100,000.00 | 225,035.35 | 224,535.35 |
| 4 | 100,000.00 | 400,000.00 | 2,100,000.00 | 301,889.08 | 301,389.08 | 2,100,000.00 | 323,337.02 | 322,837.02 | 2,100,000.00 | 338,281.11 | 337,781.11 |
| 5 | 100,000.00 | 500,000.00 | 2,100,000.00 | 404,524.05 | 404,024.05 | 2,100,000.00 | 439,318.10 | 438,818.10 | 2,100,000.00 | 463,929.65 | 463,429.65 |
| 6 | 100,000.00 | 600,000.00 | 2,100,000.00 | 511,384.40 | 510,884.40 | 2,100,000.00 | 563,594.08 | 563,094.08 | 2,100,000.00 | 601,100.78 | 600,600.78 |
| 7 | 100,000.00 | 700,000.00 | 2,100,000.00 | 622,695.14 | 622,195.14 | 2,100,000.00 | 696,839.85 | 696,339.85 | 2,100,000.00 | 750,954.13 | 750,454.13 |
| 8 | 100,000.00 | 800,000.00 | 2,100,000.00 | 738,702.37 | 738,202.37 | 2,100,000.00 | 839,798.03 | 839,298.03 | 2,100,000.00 | 914,781.74 | 914,281.74 |
| 9 | 100,000.00 | 900,000.00 | 2,100,000.00 | 859,666.43 | 859,166.43 | 2,100,000.00 | 993,276.66 | 992,776.66 | 2,100,000.00 | 1,094,013.95 | 1,093,513.95 |
| 10 | 100,000.00 | 1,000,000.00 | 2,100,000.00 | 985,879.40 | 985,379.40 | 2,100,000.00 | 1,158,176.80 | 1,157,676.80 | 2,100,000.00 | 1,290,259.73 | 1,289,759.73 |
| 15 | 100,000.00 | 1,500,000.00 | 2,100,000.00 | 1,721,529.67 | 1,721,029.67 | 2,205,841.95 | 2,205,841.95 | 2,205,341.95 | 2,607,781.00 | 2,607,781.00 | 2,607,281.00 |
| 20 | 100,000.00 | 2,000,000.00 | 2,652,009.40 | 2,652,009.40 | 2,652,009.40 | 3,713,622.74 | 3,713,622.74 | 3,713,622.74 | 4,675,561.67 | 4,675,561.67 | 4,675,561.67 |

## آئی جی آئی لائف ونڈو تکافل آپریشنز کے بارے میں

آئی جی آئی لائف پیکجز گروپ کا رکن ہے اور سال 1953 سے پاکستان میں انشورنس کے شعبے سے وابستہ ہے۔ آئی جی آئی لائف پاکستانی مارکیٹ میں انشورنس سروسز مہیا کرنے والی اولین کمپنیوں میں شامل ایک معتبر نام ہے۔ کمپنی کا قیام امریکن لائف انشورنس کمپنی (پاکستان) لمیٹڈ (میٹ لائف الیکو) کے حصول کے ساتھ سال 2014 میں عمل میں آیا۔ کمپنی کے حصص پاکستان اسٹاک ایکسچینج (سابقہ کراچی اسٹاک ایکسچینج) میں بھی لسٹڈ ہیں۔ آئی جی آئی پیکجز گروپ کے تجربے کے ساتھ مشہور کاروباری اداروں میں سے ایک ہے جس کے FMCG، دواساز اور پیکیجنگ سیکٹر میں معروف برانڈز کے ساتھ مشترکہ منصوبے ہیں۔

آئی جی آئی کے موجودہ پروڈکٹس میں انفرادی تکافل، گروپ میڈیکل اور حادثے اور بیماری کی صورت میں مختلف سہولیات شامل ہیں۔ آئی جی آئی لائف ان چند کمپنیوں میں سے بھی ہے جنھوں نے 2015 میں ونڈو تکافل آپریشنز کے تحت فیملی تکافل کا آغاز کیا، جو اپنے شرکاء کو شرعی اصولوں کے مطابق تکافل کی سہولیات مہیا کرتا ہے۔

## وائیٹلیٹی گروپ کے بارے میں

لوگوں کو صحت مند طرزِ زندگی مہیا کرنے کے عزم کے ساتھ وائیٹلیٹی گروپ اچھے نتائج کے لیے لوگوں کی بہتر صحت پر توجہ مرکوز رکھے ہوئے ہے۔ ہم اسمارٹ ٹیکنالوجی، ڈیٹا، انعامات اور مختلف مزاجی علوم (Behavioural Sciences) کے ملاپ سے انفرادی افراد اور اداروں میں صحت مند تبدیلی کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں۔ وائیٹلیٹی دنیا بھر میں سمجھدار انشوررز اور مستقبل کی سوچ رکھنے والے آجروں کے ساتھ کامیاب شراکت داری کے ذریعے عالمی نقطہ نظر رکھتی ہے۔ دنیا بھر کے 40 ممالک میں 30 ملین سے زائد لوگ وائیٹلیٹی پروگرام سے منسلک ہیں۔



## کلیم کیسے داخل کیا جائے

### کلیم داخل کرنے کا طریقہ

کلیم کو داخل کرنے کا ہمارا طریقہ کار انتہائی آسان اور کسی رکاوٹ سے آزاد ہے۔ اس سلسلے میں مشورہ دیا جاتا ہے کہ اپنے پالیسی کلیم کو داخل کرتے ہوئے مکمل معاونت حاصل کرنے کے لئے ہماری کسٹمر سروسز ٹیم سے services.life@IGI.COM.PK پر رابطہ کریں۔

ذیل میں مرحلہ وار طریقہ کار دیا جا رہا ہے جس پر عمل کر کے آپ اپنا کلیم داخل کر سکتے ہیں۔

### پہلا مرحلہ — تحریری اطلاع

کلیم آئی جی آئی لائف ونڈو تکافل آپریشنز کی ویب سائیٹ آن لائن کلیم انٹی میشن پر جا کر دی گئی معلومات فراہم کر کے بغیر کسی تاخیر کے براہ راست داخل کیا جا سکتا ہے جسے کلیم ڈیپارٹمنٹ کو فوری طور پر بھیج دیا جاتا ہے

http://igilife.com.pk/claim-intimation/

پالیسی کے تحت فوائد حاصل کرنے کے لئے کوئی بھی کلیم پالیسی کے مالک/ دعویٰ کنندہ (جیسی بھی صورت ہو)، کی جانب سے اس کے دستخط کے ساتھ تحریری اطلاع جمع کرانے کے ذریعے کیا جا سکتا ہے۔ تحریری اطلاع دیتے وقت ہمیشہ وقوعہ کی تاریخ، واقعہ کی وجہ اور دعویٰ کنندہ کا موجودہ پتہ اور رابطہ نمبر ضرور درج کریں۔

کلیم نقصان کی تاریخ کے 30 دنوں کے اندر داخل کیا جانا چاہیے

### دوسرا مرحلہ — کلیم فارم کے ساتھ متعلقہ دستاویزات مکمل کریں

وقوعہ کی اطلاع دینے پر آئی جی آئی لائف نقصان کا ثبوت داخل کرنے کے لئے متعلقہ فارمز فراہم کر دے گا۔ جن کا انحصار واقعہ کی نوعیت پر ہوگا۔ ڈیتھ سرٹیفکیٹ، رکنیت کے اصل کاغذات، شریک تکافل اور نامزد شریک تکافل کے شناختی کارڈ، ہسپتال ریکارڈ، پولیس رپورٹ اور پوسٹ مارٹم کی پورٹ (صرف حادثہ کی صورت میں) یا آئی جی آئی لائف ونڈو تکافل آپریشنز کی طرف طلب کردہ دوسرے کاغذات کلیم فارمز کے ساتھ منسلک کئے جائیں گے۔ فارمز ہماری ویب سائیٹ سے براہ راست ڈاؤن لوڈ کیے جا سکتے ہیں۔

http://igilife.com.pk/investor-relations/claim-forms/

طبی سہولتوں کے کلیمز کے لئے میڈیکل بلوں/ رپورٹس کا انتظام اسپتال میں داخل ہونے کی صورت میں یا طبی سہولتوں سے متعلق کلیمز کے لئے تمام میڈیکل بل (اصل) اور طبی رپورٹ (نقول)، جو کہ کوالیفائیڈ طبی سہولت دینے والے ڈاکٹر کی طرف سے جاری کی گئی ہو، منسلک کرنا ہوگی۔

توثیق شدہ دستاویزات اصل شکل میں یا کسی سرکاری افسر/ جاری کرنے والی اتھارٹی کی جانب سے مصدقہ نقول کی صورت میں جمع کرائی جا سکتی ہیں۔ دستاویزات کی اصل کاپی معائنہ کے لئے طلب کی جا سکتی ہے۔

### تیسرا مرحلہ — کلیم فارم کے ساتھ مطلوبہ دستاویز جمع کرائیں

اصل دستاویزات اور فارمز (ہارڈ کاپی) باقاعدہ ہر طرح سے مکمل، دستخط شدہ اور گواہی کے ساتھ لازمی طور پر آئی جی آئی لائف ونڈو تکافل آپریشنز کے ہیڈ آفس کو اس نقصان کے بعد 90 دنوں کے اندر جمع کر دیئے جائیں، جس کے لئے کلیم داخل کیا جا رہا ہے۔

### چوتھا مرحلہ — سیٹلمنٹ

کوئی بھی کلیم جتنی جلد ممکن ہو آئی جی آئی لائف ونڈو تکافل آپریشنز کے اطمینان کے لئے مکمل کر لیا جائے۔ مکمل دستاویزات کی وصولی کے بعد جتنا جلدی ممکن ہو کلیم کی ادائیگی کر دی جائے گی۔

### نوٹ

برائے مہربانی اس امر کو یقینی بنائیں کہ شریک تکافل کی طرف سے کلیم کی صورت میں تمام دستاویزات اور فارمز آپ کی رکنیت کے اصل تجویزی فارم/ سی این آئی سی پر آپ کے دستخط کے مطابق دستخط شدہ ہوں۔